NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

نقل وطنوں کی میراث کے ہفتے کا جشن منانا

عزیزی نیویارک کے مکین،

اس ہفتے، شہر بھر کے اسکول نقل وطنوں کی میراث کے ہفتے کا جشن منائیں گے — اور ان طریقوں کو سراہیں گے جن کے ذریعے نقل وطنوں نے ہمارے شہر کو مضبوط اور بہت خاص بنایا ہے۔ میرے شہر بھر میں سفر کرنے کے دوران، مجھے ان عمدہ اور متنوع ثقافتوں سے ترغیب ملی ہے جو ہماری برادریوں کو تشکیل دیتی ہیں۔ نیو یارک شہر میں پوری دنیا رہتی ہے، اور ہم دنیا کے تمام حصوں سے ہر روز اور روازنہ لوگوں کا خیرمقدم کرتے ہیں۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں، ہمیں شہر کی اپنے نیو یارک کے نووارد مکینوں کو اعزاز بخشنے اور ان کا جشن منانے کی طویل روایت کو جاری رکھنے پر فخر ہے۔ ہر ایک طالبِ علم کو — نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر — اعلی معیار کی عوامی تعلیم کا حق حاصل ہے اور یہ ہمارا فرض ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کو ان ہمہ گیر خدمات تک رسائی حاصل ہے جو ان کو پھلنے پھولنے کے لیے درکار ہیں۔

ہم سب جانتے ہیں کہ ہر ایک بچے کی ضروریات اور تجربات یگانہ ہوتے ہیں۔ اس لیے ہم متعدد مختلف محاذوں پر ہمارے شرکا اداروں کے ساتھ ملکر کام کر رہے ہیں خاص طور پر Project Open Arms کے ذریعے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہر ایک طالبِ علم کو اہم وسائل تک رسائی حاصل ہے۔ اس کے علاوہ، نئے طلبا اور ان کے خاندانوں کو انگریزی زبان کے متعلمین پروگرام میں سے اس(پروگرام) کو منتخب کرنے کا اختیار دیا گیا ہے جو ان کی ضروریات کی تکمیل بہترین انداز میں کرتا ہے اور ہم تمام مواد کو ان کی گھریلو زبان میں ترجمہ کر کے فراہم کرتے ہیں۔

ہماری اسکول برادریوں کے عمدہ تنوع کو سراہتے ہوئے، ہمارے متعلمین ثقافتی طور پر اثرپذیر تعلیمات کا استعمال کرتے ہیں اور انہوں نے Hidden Voices آغاز کار کو متعارف کروایا ہے جس میں ہمارے طلبا کی تعلیم کی بہترین انداز میں معاونت کرنے والے اسباق اور مواد شامل ہیں۔ تعلیمات کے علاوہ، ہم ہر اسکول میں سماجی - جذباتی، صدمے سے آگہی کی دماغی صحت کی معاونت کی پیشکش کرتے ہیں، اور ہمارے کئی اسکول گھر پر ان ضروریات سے خطاب کرنے کے لیے اقدامات بھی اٹھا رہے ہیں۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کے چانسلر کے طور پر، مجھے ہمارے طلبا، اساتذہ اور اسکول کے قائدین پر نہایت فخر ہے جنہوں نے گزشتہ متعدد مہینوں میں ہمارے نیو یارک شہر کے نئے مکینوں کا کھلے دل سے خیرمقدم کرنے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔ شہر بھر میں، بروکلن P.S. 24 کی Annebelle جیسے طلبا ہیں جنہوں نے وقت نکال کر نئے آنے والے خاندانوں کے لیے مضافاتی علاقوں کے نقشے اور "سفر کی رہنمائیاں" تیار کی ہیں تاکہ ان کو علم ہو کہ ڈاک خانے یا لائبریری جیسے اہم مقامات کہاں پر واقع ہیں۔ مین ہیٹن میں P.S 33 میں، چوتھے گریڈ کے طلبا نے اپنے نئے ہم جماعتوں کی اہم فقروں کو سیکھنے میں مدد کرنے کے لیے انگریزی ہسپانوی میں لغت تیار کی ہے تاکہ یہ نئے دوست بنانے کے قابل ہوں۔ اور ہم اپنے ان والدین کے شکر گزار ہیں جنہوں نے فوڈ پیٹریز کے ساتھ شراکت کرنے، ملبوسات اکٹھا کرنے کی مہمات اور ضرورت مندوں کے لیے اسکول کے لوازمات کے ساتھ بستوں کو تقسیم کرنے کے لیے قدم بڑھایا تھا۔

ہمارا شہر ہمیشہ ان لوگوں کی مدد کرتا ہے جو پناہ اور تحفظ کی تلاش میں ہیں اور ہمیں اپنی روایت جاری رکھنے پر فخر ہے — اور ہم نقل وطنوں کی میراث کے ہفتے کے دوران نیو یارک کے تمام مکینوں کے ساتھ ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

سمر رائزنگ (پروگرام) درخواست (کا دورانیہ) 17 اپریل کو کھلے گا۔

سمر رائزنگ 2023 درخواست پورٹل اس وقت کھلا ہوا ہے! آپ nyc.gov/SummerRising پر شہر کے موسمِ گرما کی مفت تعلیمی اور تقویتی پروگرامنگ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ پورٹل قابلِ ترجمہ ہے اور انٹرنیٹ کنیکشن کے ساتھ کسی بھی آلے کے ذریعے اس تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ تربیت یافتہ والدین ربط دہندگان ان خاندانوں کے لیے دستیاب ہیں جن کو درخواست مکمل کرنے میں اعانت کی ضرورت ہے۔ درخواست دہی کا دورانیہ 1 مئی کو بند ہوجائے گا، اور ہم تقریباً ایک ہفتے کے بعد تقرریوں کی بذریعہ ای میل تصدیق کریں گے۔

نیو یارک شہر تعلیمی کونسلوں کے لیے انتخابات 21 اپریل سے شروع ہونگے۔

اپنی اجتمائی اور شہر پیما تعلیمی کونسل ممبران کے لیے ووٹ دینا آپ کے لیے ان امور پر براہِ راست اثر ڈالنے کے بہترین ذرائع میں سے ایک ہے جو آپکی اسکول برادری کو متاثر کرتے ہیں۔ ووٹ دینے کے لیے آپ کو اپنے نیو یارک شہر پبلک اسکول طالبِ علم (طلبا) سے منسلک نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYSA) کی ضرورت ہوگی۔ اگر آپکا ایک اکاؤنٹ نہیں ہے، آپ آج ہیschoolsaccount.nyc پر سائن اپ کرسکتے ہیں۔ اگر آپکو ایک اکاؤنٹ بنانے یا اپنے بچوں کو اس سے منسلک کرنے میں مدد درکار ہے، اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔آپ اپنی مقامی اور شہر پیما کونسلوں کی نشستوں کے لیے انتخاب لڑنے والے والدین کے بارے میں apps.schools.nyc/CECProfiles پر مزید جان سکتے ہیں۔ ووٹ ڈالنے کا دورانیہ 9 مئی تک کھلا رہے گا۔

ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ

P.S. 7 کمیونٹی بوتیک مشرقی ہارلم میں آنے والے نئے خاندانوں کی مددکرتا ہے۔

اور یہاں ہیں میئر Eric Adams کا ہفتہ وار وڈیو اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔